ilmkidunya

علم کی دنیا

Pakistan Study - 9th Class Pakistan Study Urdu Medium Short Questions Preparation

Q1. آبی آلودگی سےکیا مراد ہے.

Ans 1: آبی آلودگی سے مراد پانی میں مختلف زیریلے کیمیکلز کا شامل ہوتا ہے.

Q2. طغیانی نہریں کن اضلاع میں ہیں.

Ans 1: طغیانی نہریں ، زیادہ تر راجن پور ،ڈیرہ غازی خان اور مظفر آباد کے اضلاع ہیں.

Q3. بنگال کو کب اور کیوں اور کیوں تقسیم کیا گیا.

Ans 1: 1905 میں جس وقت لارڈ کرزنہندوستان کے وائسرائے تھے ان کی سفارش پر برطانوی پارلیمنٹ نے انتظامی سہولت کے پیش نظر بنگال کو دوحصوں میں تقسیم کیا گیا.

Q4. قرار داد مقاصد کی اہمت بیان کریں.

Ans 1: قرارداد مقاصد کو ائین پاکستان کی بنیاد بھی کہتے ہیں اس کی رو میں سے بات تسلیم کی گئی کہ آصل حاکمیت اللہ کی ہے اور ملک یں کوئی بھی قانون شریعت کے خلاف بن سکتا اس میں اقلیتوں کو مکمل آزادی دی گئی اور عدلیہ کے آزادی کی ضمانت قرار داد مقاصد کا حصہ ہے

Q5. تحریک علی گڑھ کا بنیادی مقصد تحریر کریں.

Ans 1: تحریک علی گڑھ کا بنیادی مقصد حکومت اور مسلمانوں کے درمیان اعتماد بحال کرنا تھا اور مسلمانوں کو انگریزی تعلیم کے لیے تیار کرنا

Q6. قائداعظم نے 1948 یکم جولائی کو سٹیٹ بنک افتتاح کرتے ہوئے کیا فرمایا.

Ans 1: قائداعظم نے فرمایا کہ مغرب کا معاشی نظام انسانیت کے لے ناقابل حل مسائل پیدا کررہا ہے اور لوگوں کے درمیان انصاف قائم کرنے میں ناکام رہا ہے ہمیں دنیا کے سامنے ایک ہیں اور ایک ایسا معاشی نظام پیش کرنا چاہیے جو اسلام کے صحیح مسوات اور سماجی کے اصولوں کے مطابق ہو.

Q7. دریائے سندھ کا بالائی میدان کسے کہتے ہیں.

Ans 1: دریائے سندھ کا میدان دریائے سندھ ار اس کے معاون دریاؤں جہلم ، چناب، راوی ستلج کی لائی ہوئی مٹی سے بنا ہے. پاکستان میں صوبہ پنجاب کا میدانی علاقہ دریائے سندھ کا بالائی میدان کہلاتا ہے.

Q8. میثاق لکھنو پر نوٹ لکھیں.

Ans 1: 1916 میں لکھنو میں مسلم لیگ اور کانگریس کے درمیان طے پانے والے معاہدے میں پہل بار مسلمانوں کو الگ قوم تسلیم کیا گیا.اور جداگانہ انتخاب کا مطالبہ تسلیم کی گیا.

Q9. حضرت محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے آخری خطبہ میں مساوات کے بارے میں کیا فرمایا.

Ans 1: آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہے فرمایا کہ اے لوگو! بے شک تمہارا رب بھی ایک ہے اور تمہارا باپ بھی ایک ہے.آگاہ رہو کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی فوقیت نہیں ہے.کسی سفید فام کو کسی سیاہ فام پر کوئی فضلیت نہیں ہے فضیلت کا معیار صرف تقویٰ ہے.

Q10. قرار داد لاہور کی مخالفت کس نے کی

Ans 1: گاندھی اور ہندؤوں نے اس قرار داد کی مخالفت کی اور برطانوی پریس نے اس کو جناح کا پاکستان قرار دیا

Q11. کابینہ مشن کے بنیادی مقاصد کتنے تھے.

Ans 1: کابینہ مشن کے بنیادی مقاصد دو تھےایک ہندوستان کی دستوری حیثیت اور حکومت کی شکل واضح کردی جائے. اور دوسری مسلمانوں اور ہندوؤں کی خلیج کم کرکے ہندوستان کو متحد رکھنے کی کوشش کی جائے.

Q12. مسلم لیگ کے قیام کے پس منظر درج کریں.

Ans 1: 1 تقسیم بنگال 1905اور ہندوؤں کا ردعمل انگریزوں کا رویہ 2- مسلمانوں کا احساس محرومی 3- مسلمانوں کو سیاسی طور پر نظر انداز کیا جانا

Q13. جنگلی حیات کو تحفظ دینے کےلیے کوئی سی دو تجاویز تحریر کریں.

Ans 1: 1- غیر قانونی شکار کی روک تھام. 2- زیادہ سے زیادہ زمین کو نیشنل پارک میں شامل کرنا

Q14. تحریک پاکستان میں شامل تین خواتین کے نام لکھیے.

Ans 1: فاطمہ جناح - بیگم سلمیٰ تصدق حسین - بیگم رعنا لیاقت علی خان - بیگم جہاں آرا شاہنواز

Q15. آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث کی روشنی میں خواتین کے حقوق بیان کریں.

Ans 1: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" تم میں سے کسی کے پاس تین لڑکیاں یا تین بہنیں ہوں اور وہ اج کے ساتھ اچھا سلوک کرے تو جنت میں ضرور داخل ہوگا."

Q16. قائداعظم نے کب نئی اسلامی خود مختار ریاست کے پہلے گورنر جنرل کی حیثت سے حلف اٹھایا

Ans 1: 15 اگست 1947 کو قائداعظم نے نئی اسلامی خود مختار ریاست کے پہلے گورنر جنرل کی حیثت سے حلف اٹھایا

Q17. مغلیہ دور حکومت کے مشہور حکمران کون تھے.

Ans 1: مغلیہ دور حکوؐمت بابر، ہمایوں، اکبر ، جہانگیر، شاہجہاں اور اورنگ زیب مشہور حکمران تھے

Q18. سیاچین گلیشئیر کی لمبائی کتنی ہے اور یہ کہاں واقع ہے.

Ans 1: سیاچین گلیشئیر کی لمبائی 70 کلومیٹر ہے اور یہ سلسلہ قراقرم ہے.

Q19. کسی ملک کی ترقی کےلیے اس کے کتنے فیصد پرجنگلات ہونے چاہیں.

Ans 1: کسی ملک کی ترقی کے لے اس کے کل رقبہ کا 25 فیصد حصہ جنگلات پر مشتمل ہوناچاہیے.

Q20. ہوائی آلودگی کو کیسےکم کیا جاسکتا ہے.

Ans 1: گاڑیوں میں ایسا انجن استعمال کیا جائے جو کم آلودگی کو پھیلانے مثلا سی این جی زیادہ سے زیادہ درخت اگائے اسی طرح کارخانوں ، اور فیکڑیوں مین فلڑیشن پلانٹ تنصیب کریں. اورایسی گیسوں پر پابندی لگائیں جو ماحول کو نقصان پہنچارہی ہے. جیسے کہ کلورو فلورو کاربن